نام کتاب :- معارف الایمان مرتب :- قاری حماد زہراوی صفحات :- ۱۵۴ قیمت درج نہیں.
ناشر :- ندوۃ المعارف گکھڑ گوجرانوالہ

سبب تالیف کے زیر عنوان مؤلف رقمطراز ہیں ۔ " ندوۃ المعارف" کے رفقاء نے خدائے بزرگ و برتر کے سہارے اپنی محدود علمی بساط کے ساتھ اسلاف اور اکابر کی بیش قیمت تحقیقی اور تصنیفی ذخیرے سے استفادہ کرتے ہوئے معارف اسلامی کے نام نئے نصاب تعلیم کی ترتیب و تدوین اور انقلابی سوچ پر مبنی لٹریچر کی ترویج و اشاعت کا آغاز کیا ہے ۔ زیر نظر کتاب نئے نصاب تعلیم معارف اسلامی کا اہم حصہ ہے ، جس میں قرآن و حدیث کی روشنی میں بصیرت سوال و جواب اسلامی عقائد نیز اسلامی سیاست اور طریقت پر مشتمل اس مدلل کتاب کو مرتب کیا گیا ہے ۔ مروجہ معاشرتی رسومات اور بدعات کے بارے میں دیوبندی اور بریلوی دونوں مکتبہ ہائے فکر کی مسلمہ محقق حنفی علماء و فقہاء اور مستند فقہی کتب سے حوالے دیئے گئے ہیں ۔ کتاب بچوں اور بڑوں کیلئے یکساں مفید ہے (ملخصاً) ۔ مؤلف کی یہ کوشش انتہائی قابل تحسین ہے کہ انہوں نے انتہائی سہل انداز میں شریعت کے بنیادی مسائل معارف الایمان میں جمع کئے ہیں ۔

نام کتاب :- جمعۃ المبارک کی تعطیل و تعظیم مؤلف :- قاری حماد الزہراوی صفحات ۴۴
قیمت :- ۱۵ روپے ۔ ناشر :- ندوۃ المعارف گکھڑ گوجرانوالہ

نظام خلافت راشدہ کے نفاذ کے دعویدار وزیر اعظم نے برسر اقتدار آتے ہی اپنے بیرونی آقاؤں امریکی سامراج اور فرنگی سرپرستوں کی خوشنودی کیلئے سب سے پہلے جمعہ کی تعطیل پر تیشہ زنی کی اور اس کیلئے جن بھونڈے دلائل کا سہارا لیا ان کی رکاکت انتہائی واضح اور روز روشن کیطرح عیاں ہے ۔ زیر تبصرہ کتاب جمعہ کی ہفتہ وار تعطیل کی ملی اور نظریاتی حیثیت جیسے اہم موضوع پر ایک جامع مدلل اور حقیقت پسندانہ بحث پر مشتمل ہے ۔ وزیر اعظم پاکستان اور ان کے حواریوں کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ازحد ضروری ہے ۔

نام کتاب :- معارف التجوید (ہر دو حصے) مؤلف :- قاری حبیب الرحمان ہزاروی
ناشر :- ندوۃ المعارف گکھڑ گوجرانوالہ

فن تجوید کے قواعد و ضوابط اور اسرار و رموز پر مشتمل انتہائی اہم کاوش جس میں نہایت ہی سلیس اور عام فہم انداز میں ترتیب شدہ تجوید کی جملہ نصابی کتب کا مستند ترین خلاصہ پیش کیا گیا ہے ۔